A **910**

സമഗ്ര ശിക്ഷാ, കേരളം

പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണയം 2022 - 23

ക്ലാസ് : IX **ഉർദു** സമയം : 1½ മണിക്കൂർ

ആകെ സ്കോർ : 40

നിർദ്ദേശങ്ങൾ

- ആദ്യ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്. ചോദ്യങ്ങൾ വായിക്കാനും ഉത്തരങ്ങൾ ക്രമപ്പെടുത്താനും ഈ സമയം വിനിയോഗിക്കേണ്ടതാണ്
- ചോദ്യങ്ങളും നിർദ്ദേശങ്ങളും ശ്രദ്ധാപൂർവം വായിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- ഉത്തരമെഴുതുമ്പോൾ സ്കോർ, സമയം എന്നിവ പരിഗണിക്കണം.

1 سے 4 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ 3x1=3

1 کہانی 'امتحان' کے کردار کا نام چن کر لکھیے۔ 1

(رضیہ ، شیام ، .جاوید میاں)

2 جس کے لیے تو نازاں دردر بھٹک رہا ہے 1

لے کھول دل کی آنکھیں وہ تیرے روبرو ہے

یہ کس نظم کا شعر ہے؟ [مٹی کا دیا، دل کی آنکھیں، مٹی میں جان آگئی]

3 آسمان پر کالی کالی گھٹائیں چھانے لگیں تو جاوید کا دل باغ باغ ہو گیا۔ 1

بچّو، اس جملے میں ''باغ باغ ہونا'' سے کیا مراد ہے؟

(بہت دکھ ہونا ، بہت خوش ہونا ، بہت درد ہونا)

4 بچّو، یہ شعر غور سے پڑھیے 1

جھٹ پٹے کے وقت گھر سے ایک مٹی کا دیا

ایک بڑھیا نے سرِراہ لاکے روشن کر دیا

بڑھیا نے سرِ راہ پر کیا روشن کر دیا ؟ (فانوس ، مٹی کا دیا ، شمع)

5 سے 8 تک کے سوالوں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔ 3x2=6 2

5 مناسب لفظ چن کر خانہ بھریے۔ (نظم ، بیانیہ ، کہانی)

اسکاٹ لینڈ کا راجا	----------	شیام
مٹی میں جان آگئی	----------	اسماعیل میرٹھی

6 خانہ ''الف'' کو خانہ ''ب'' سے ملائیے 2

الف	ب
دل کی آنکھیں	اسماعیل میرٹھی
امتحان	الطاف حسین حالی
مٹی میں جان آگئی	نازاں جمشید پوری
مٹی کا دیا	فرحت للہ بیگ

7 ان میں سے دعائیہ نظم کا شعر چن کر لکھیے۔ 2

a] گلشن میں رنگ تیرا ہر گل میں تیری بو ہے
ہر سمت تیرا جلوہ ہر شے میں تو ہی تو ہے

b] وہ دیکھو اٹھی کالی کالی گھٹا
ہے چاروں طرف چھانے والی گھٹا

c] سرخ رو آفاق میں وہ رہنما مینار ہیں
روشنی سے جن کی ملّاحوں کے بیڑے پار ہیں

8 مکالمے پڑھیے اور کرداروں کے نام چن کر لکھیے۔[اسکاٹ لینڈ کا راجا، نگراں کار صاحب، بھگوان داس] 2

a	''نیند کیسے آئے گی بھاگی؟ آگے دیوالی کی رات آئے گی نا؟ ہم کیسے دیے جلائیں گے؟''	....
b	''جناب! یہ امتحان کا کمرہ ہے، سونے کا کمرہ نہیں ہے''	....

9 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھیے۔ 5x3=15

9 بچّو، یہ شعر غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

دنیائے رنگ بو سے مجھ کو غرض ہی کیا ہے
تیری ہی جستجو ہے تیری ہی آرزو ہے

a] اس شعر کا شاعر کون ہے؟

b] 'دنیائے رنگ و بو' سے کیا مراد ہے؟

10 عبارت غور سے پڑھیے اور اس سے تین سوالات تیار کیجیے۔ 3

لا کلاس کا پہلا سال ختم ہونے سے پہلے ہی والد صاحب کا انتقال ہوا تھا۔ گھر میں میر والدہ صاحبہ اور چھوٹی بہن رضیہ تھی۔ رضیہ کی عمر پانچ سال کی تھی۔ والدہ صاحبہ کے پاس تھوڑی بہت سلائی کا کپڑا آ جاتا تھا۔ اور کچھ زیور بچا تھا اس کو بیچ کر گزارا کرتے تھے۔

اشارے:۔ [کب، کون کون، کتنا، کیا، کیسے،]

11 نیچے دیے جملے غور سے پڑھیے اور کسی ایک کا مطلب لکھیے۔ 3

a] 'آمدنی کم اور خرچ زیادہ ہو تو قارون کا خزانہ بھی کافی نہیں ہوتا'

یا

b] 'صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے'

12 ''ہم تالاب اور ندیوں میں تیرتے اور نہاتے تھے۔ پانی کی صاف اور شفاف لہریں! آج بھی مجھے یاد آ رہی ہیں۔'' 3

جاوید میاں اپنے گاؤں کے بارے میں یاد کر رہا ہے۔

بچو، آپ بھی گاؤں کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

13 3

زمین سبزے سے لہلہانے لگی — کسانوں کی محنت ٹھکانے لگی
جڑی بوٹیاں پیڑ آئے نکل — عجب بیل پتے عجب پھول پھل

پہلی بارش سے زمین میں کیا کیا تبدیلیاں آتی ہیں شعر کی روشنی میں لکھیے۔

14 پیڑ فطرت کی جان ہے۔ پیڑ نہیں تو ہم بھی نہیں۔ 3

بچو، پیڑوں سے ہمیں کیا کیا فائدے ہیں؟ اپنے خیالات لکھیے۔

15 بچو یہ شعر پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3

یہ دیا بہتر ہے ان جھاڑوں سے اور فانوس سے
روشنی محلوں کے اندر ہی رہی جن کی سدا

یہ کس نظم کا شعر ہے؟

اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ یہ 'مٹی کا دیا' جھاڑوں اور فانوس سے بہتر ہے۔

بچو شاعر ایسا کیوں کہتا ہے؟ لکھیے

16 سے 21 تک کے سوالوں سے کسی چار کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیے۔ 4x4=16

16 ندی نالوں کی حفاظت کے لیے ایک جلوس نکلنے والا ہے۔ بچّو، جلوس کے پلکارڈ میں لکھنے کے لیے دو نعرے تیار کیجیے۔ 4

جیسے :-	پانی خدا کی بڑی نعمت ہے۔

17 تہوار ہماری تہذیب کی نشانی ہے۔ 4

a] بچّو، دو تہواروں کے نام لکھیے۔

b] پسندیدہ ایک تہوار کے بارے میں نوٹ تیار کیجیے۔

18 لڑکا کہانی 'امتحان' کا اہم کردار ہے۔ وہ لا کلاس [LawClass] کا امتحان اوّل درجے میں پاس ہوا۔ وہ خوشی کے ساتھ گھر آیا۔ بہن رضیہ دوڑ کر آئی اور پوچھنے لگی۔ 4

رضیہ: بھائی جان، کیا آپ امتحان پاس ہوگئے ؟

بھائی :۔۔۔۔۔۔۔۔

بچّو، رضیہ اور بھائی جان کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

19 اشاروں کی مدد سے شاعر مولانا الطاف حسین حالی کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے۔ 4

نام	:	مولانا الطاف حسین حالی
پیدائش	:	۱۸۳۷ء پانی پت
شہرت	:	شاعر، نثر نگار
کتابیں	:	مقدّمہ شعر و شاعری، مسدّسِ حالی، حیاتِ سعدی
وفات	:	۱۹۱۴ء

20 ۹/نومبر کو اسکول میں **عالمی یومِ اردو** کا پروگرام ہونے والا ہے۔ پروگرام کا افتتاح مشہور شاعر ریاض علی کرتے ہیں۔ پروگرام کی صدارت ہیڈ ماسٹر جوزف صاحب کرتے ہیں۔ بچوں کے مختلف پروگرام بھی ہیں۔ 4

بچّو، اس پروگرام کے لیے ایک پوسٹر تیار کیجیے۔

21 بچو، یہ شعر غور سے پڑھیے 4

جس کی ہو کوئی حاجت تجھ سے ہی مانگتا ہے
محتاج بھی ترا ہے حاجت روا بھی تو ہے

a] یہ کس شاعر کا شعر ہے؟

b] شعر کا مفہوم اپنے الفاظ میں لکھیے۔